QRickit

4109CH05




# کتنے؟

## دادا جی کے ساتھ سیر





تصویر دیکھ کر بچوں کو کہانی سنانے دیجیے۔ اس بات پر بحث کیجیے کہ وہ پارک میں کیا کرتے ہیں۔ بچے اس بات پر بھی بحث کریں کہ کتنے لوگ پارک میں آتے ہیں، مثال کے طور پر کتنے بچے پہلی تصویر میں کھیل رہے ہیں اور کتنے ان سے آ کر مل گئے۔ بچوں کو یہ بتانے دیجیے کہ بزرگوں کے ساتھ وقت کیوں گزارنا چاہیے اور کن کن طریقوں سے ان کو عزّت دی جاسکتی ہے، اس پر بحث کیجیے۔

## بتائیے کتنے بچے ایک ساتھ ہیں؟ خالی جگہوں کو پُر کیجیے



**4** بچے اور **2** بچے مل کر ______ بچے ہوتے ہیں۔

$4+2=\square$



**3** لٹو اور **1** لٹو مل کر ______ لٹو ہوتے ہیں۔

$3+1=\square$



**3** چیونٹیاں اور **2** چیونٹیاں مل کر ______ چینٹیاں ہوتی ہیں۔

$3+2=\square$



**4** پینسلیں اور **3** پینسلیں مل کر ______ پینسلیں ہوتی ہیں۔


$4+3=\square$



بچوں کو ٹھوس چیزوں کے ساتھ جمع کے عمل کو کرنے کے مناسب موقع فراہم کیجیے۔ دو گروپوں کی چیزوں کو ملا کر چیزوں کی کل تعداد معلوم کرنا (جمع) اور ایک ہی گروپ میں کچھ چیزیں ملانے کے بعد چیزوں کی کل تعداد معلوم کرنا (اضافہ) دونوں طرح کے سوالوں کی مشق کرائیے۔

© NCERT not to be republished


## جمع کیجیے اور بنائیے



______________

6 گیندیں اور 2 گیندیں مل کر ________ گیندیں ہوتی ہیں۔

6+2= ☐



7+1= ☐



## آؤ گنیں

A. آپ کے والدین کے کل کتنے بھائی بہن ہیں؟

B. آپ اور آپ کے دوست کے خاندان میں کل کتنے افراد ہیں؟

C. آپ کے دونوں ہاتھوں اور پیروں میں کتنی انگلیاں ہیں؟


D. اپنی انگلیوں کی مدد سے آپ کتنی چیزیں گن سکتے ہیں؟




بچوں کو جمع کے عمل کو سمجھنے اور جمع کے جملوں کو زور سے بولنے کی ہمت افزائی کریں۔ مثال کے طور 4 بچے اور 2 بچے مل کر 6 بچے ہوتے ہیں۔ پہلے ٹھوس چیزوں کے ساتھ پھر بول چال کی زبان سے شروع کر کے کل، حاصل جمع، ایک ساتھ، جیسے الفاظ کے معنی سمجھنے میں مدد کریں۔ اس کے بعد ہی علامتوں کا استعمال کریں اور لفظ "مل کر" برابر کی علامت = سے جوڑیں۔

© NCERT not to be republished

## گنیے اور انگلیوں کی کل تعداد لکھیے۔



= 3 + 4




= 2 + 3



= 3 + 5



= 0 + 4




= 4 + 4

© NCERT not to be republished

## آؤ کھیلیں — پانسہ سے جمع





آپ اپنے دوست کے ساتھ 2 پانسوں کا ایک کھیل کھیلیے۔ پہلے آپ دو پانسوں کو ایک ساتھ پھینکیے اور دونوں پانسوں کے ڈاٹس کی کل تعداد معلوم کیجیے۔ اب آپ اپنے دوست سے کہیے کہ دونوں پانسوں کو ایک ساتھ پھینکے اور ڈاٹ کی کل تعداد معلوم کرے۔ بتائیے کس کا اسکور زیادہ ہے؟


## آؤ کریں

کشور اور نتیا نے بھی یہی کھیل کھیلا اور ان کے اسکور ذیل میں دیے ہوئے ہیں۔ معلوم کیجیے کشور کتنی مرتبہ جیتا اور نتیا کتنی مرتبہ؟

| | کشور | نتیا |
|---|---|---|
| A. | ✓ | |
| B. | | |
| C. | | |
| D. | | |
| E. | | |









# موتی اور لڑیاں


دھاگے میں موجود موتیوں میں رنگ بھریے اور معلوم کیجیے کہ کل رنگے ہوئے موتی کتنے ہیں؟



$\square = 4 + 3$




$\square = 2 + 4$



$\square = 4 + 5$



$\square = 7 + 2$



$\square = 3 + 7$



بچوں کو موتیوں کی لڑیوں سے کھیلنے دیں۔ اپنی توجہ جمع کے عمل پر مرکوز رکھیں اور جو حکمت عملی بچے استعمال کر رہے ہیں، اس پر بحث کریں۔


© NCERT not to be republished

کودیے اور حاصل جمع معلوم کیجیے۔


4+2=





3+2=




5+3=




6+3=




© NCERT not to be republished

# اپنے طریقے سے جمع کیجیے۔

ذیل میں عبدالہادی اور ریحانہ اعداد کو مختلف طریقوں سے جمع کر رہے ہیں۔ حاصل جمع معلوم کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔




| | | |
|---|---|---|
| 2<br>+3<br>___ | =3+2 | ___ |
| 5<br>+1<br>___ | =1+5 | ___ |
| 3<br>+3<br>___ | =3+3 | ___ |
| 9<br>+1<br>___ | =1+9 | ___ |


© NCERT not to be republished




## آؤ کریں


A. عددی جوڑوں سے خالی جگہ پُر کیجیے۔




کونارک کے سورج کے رتھ کا پہیا




B. جمع کیجیے اور ملائیے

| | | |
|---|---|---|
| 4+1 | 5 | 2+4 |
| 3+6 | 6 | 4+3 |
| 2+5 | 7 | 2+3 |
| 6+0 | 9 | 4+5 |

© NCERT not to be republished



## پروجیکٹ

0 سے 9 تک کے دس کارڈ لیجیے۔
سامنے دکھائے گئے طریقہ سے کارڈوں کو اس طرح رکھیں کہ ان کا حاصل جمع 9 ہو۔
ایسا کرنے کے بہت سے طریقہ ہیں۔ آپ کتنے طریقوں سے کر سکتے ہیں۔

9= ☐ + ☐

9= ☐ + ☐ + ☐

9= ☐ + ☐

# جمع کی کہانی

A. راگھو کے پاس 4 سیپیاں ہیں اور سریتا کے پاس 5 سیپیاں ہیں

دونوں کے پاس کل کتنی سیپیاں ہیں؟ ☐

B. رنجیت کے پاس 3 کنچے ہیں اور مینا کشی کے پاس 6 کنچے ہیں۔

دونوں کے پاس کل کتنے کنچے ہیں؟ ☐

C. ایک تھیلے میں 3 ناریل ہیں دوسرے تھیلے میں 4 ناریل ہیں، یہاں کل کتنے ناریل ہیں؟ ☐

## آیئے دیکھتے ہیں آپ کے تھیلے میں کیا ہے؟

اپنے دوست کے ساتھ مل کر کیجیے اور جواب لکھیے۔

A. میرے تھیلے  میں ______ کتابیں ہیں اور میرے دوست کے پاس ______ کتابیں ہیں۔


ہم دونوں کے پاس کل ______ کتابیں ہیں۔

B. میرے پاس ______ پنسلیں ہیں اور میرے دوست کے پاس ______ پنسلیں ہیں۔ ہمارے پاس کل ______ پنسلیں ہیں۔

C. میرے پاس ______ کاپیاں ہیں اور میرے دوست کے پاس ______ کاپیاں ہیں۔ ہم دونوں کے پاس ______ کاپیاں ہیں۔



## سوچیے اور کیجیے




دیے ہوئے جدول میں دکھائے گئے نقطے دار خط کی طرح اعداد 1، 2 اور 3 اس طرح لکھیے کہ ہر طرح سے جوڑنے پر حاصل جمع 6 ہو۔



اس سرگرمی کو بچے جوڑے کی شکل میں کریں۔ وہ اپنی کتابیں اور پنسلیں نکالیں اور ان کو جمع کریں۔ اس بات کے لیے بچوں کی ہمت افزائی کریں کہ وہ خود اپنے طور پر سوالات اور مسئلے تخلیق کریں۔ دنیا کے سب سے پرانے سوریہ مندر جو کونارک، اڑیسہ میں واقع ہے، کے بارے میں گفتگو کریں جسے پچھلے صفحہ پر دیا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

# پانچ چھوٹے بچے


بس میں بیٹھے بچے پانچ
بیٹھے بیٹھے رہے تھے ناچ !
ایک اترا گھر کے پاس
ہاتھ میں موتی، مالا، ہار،
بس میں ہیں اب بچے چار







بس میں بیٹھے بچے چار
پیڑوں سے وہ کرتے پیار
ایک اترا گھر کے پاس
بجی زور زور سے بین
بس میں ہیں اب بچے تین




بس میں بیٹھے بچے تین
سبھی بجاتے ہلکی بین
ایک اترا گھر کے پاس
گھر کو دوڑ لگاتا وہ
بس میں ہیں اب بچے دو!

© NCERT not to be republished




بس میں بیٹھے بچے دو
ہلّا کرتے ہو ہو ہو
ایک اترا گھر کے پاس
چھوٹا بچہ ہاتھ میں کیک
بس میں رہ گیا صرف ایک




جس میں بیٹھا بچہ ایک
دِکھ رہا تھا سیدھا نیک
وہ اترا گھر کے پاس
دادی ہیں کھڑی وہیں
بس میں بچہ، کوئی نہیں!
مزہ آگیا ڈھمکّ ڈھم
کل ملیں گے پھر سے ہم

© NCERT not to be republished

## آؤ بات چیت کریں

A. شروع میں بس میں کل کتنے بچے تھے؟

B. کتنے بچے پہلے اسٹاپ پر بس سے اترے؟

C. پہلے اسٹاپ کے بعد کتنے بچے بس میں رہ گئے؟

D. دوسرے اسٹینڈ کے بعد کتنے بچے بس میں رہ گئے؟ تیسرے، چوتھے اور پانچویں اسٹینڈ تک اسی طرح کے سوالوں کا جواب دیں۔

E. آخر میں بس میں کتنے بچے باقی رہ گئے؟

## پروجیکٹ

معلوم کیجیے آپ کے گھر میں کل کتنے لوگ ہیں؟ کتنے لوگ اسکول جاتے ہیں؟ کتنے کام پر جاتے ہیں؟ اور کتنے گھر پر باقی بچتے ہیں۔




## آؤ کریں


### کتنے باقی رہ گئے؟

A. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

i.







6 مینڈک | 2 کود کر باہر چلے گئے | ______ باقی رہ گئے۔

$6 - 2 =$ ______

ii.










7 غبارے | ______ اُڑ گئے | 5 باقی بچے

$7 - 2 =$ ______

iii.







9 کیلے | 6 توڑ لیے گئے | ______ بچے

$9 - 6 =$ ______

© NCERT not to be republished

B. باقی بچی چیزوں کو بنائیں اور خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

i.








______ گملے ______ گملا ٹوٹ گیا ______ باقی بچے

3 - ______ = ______

ii.







7 لڈّو 4 کھا لیے -----باقی بچے

7 - 4 = ______

iii.







7 گیندیں ______ نکال لیجیے ______ باقی بچیں

7 - ______ = ______

C. درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

i. منیشا  کے پاس 9 کیلے  ہیں۔ اس نے 3 کیلے  کھا لیے۔ کتنے کیلے باقی بچے؟ [ ]


ii. پھولوں پر 8 تتلیاں  بیٹھی ہیں۔ 5 تتلیاں  اُڑ گئیں۔ کتنی تتلیاں باقی بچیں؟ [ ]



© NCERT not to be republished




## آؤ کریں



اپنا خود کا دس نقطوں والا
کارڈ بنائیں اور کچھ نقطے
اپنے دوست سے چھپالیں
اور اس سے پوچھیں کتنے
نقطے چھپے ہوئے ہیں؟

## کتنے نقطے چھپے ہوئے ہیں اور کتنے نظر آرہے ہیں؟


| کل نقطے | چھپے ہوئے نقطے | نظر آنے والے نقطے |
|---|---|---|
|  | 0 | 10 |
|  | | |
|  | | |
|  | | |



## پروجیکٹ

بچوں سے کہیے کہ 8 نقطوں والا کا ایک فریم بنائیں۔ اپنے ہاتھوں یا رومال کی مدد سے کچھ نقطے چھپالیجیے اور دیکھیے کہ کتنے نقطے چھپے ہوئے ہیں اور کتنے نظر آرہے ہیں۔ کیا آپ ان اعداد میں کوئی پیٹرن دکھائی دے رہا ہیں۔ اس سرگرمی کی توسیع دوسرے اعداد تک کیجیے۔ کیا آپ نقطے کو چھپائے بغیر بھی یہ کر سکتے ہیں؟

## عددی پٹی پر پیچھے کی طرف کودیئے۔




A. 9 سے 3 قدم پیچھے کودیئے۔



$$9 - 3 = 6$$

B. 7 سے 4 قدم پیچھے کودیئے۔



$7 - 4 =$ ______

## اپنے طریقہ سے گھٹایئے۔

A. $8 - 2 =$ ______

B. $7 - 3 =$ ______

C. $9 - 5 =$ ______

D. $6 - 3 =$ ______

E. $5 - 1 =$ ______

F. $4 - 2 =$ ______